© rasailojaraid.com

تبصرے

افادات آزاد : از ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہاں پوری ۔
تقطیع متوسط، ضخامت ۱۰۰ صفحات، کتابت و طباعت کاغذ و گٹ اپ بہتر
قیمت -/25 . پتہ : مکتبہ شاہد علی گڈھ کالونی کراچی ۱۴

اللہ تعالیٰ ارباب علم و ادب کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری کو کہ پاکستان میں وہ مولانا ابوالکلام آزاد پر ایسا مفید اور اہم کام مسلسل کر رہے ہیں جس کی توفیق ہمارے ملک میں آج تک کسی کو نہیں ہوئی، وہ ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر مولانا کا یا مولانا پر کسی لکھنے والے کا ایک ایک لفظ فراہم کر رہے اور اپنے فاضلانہ مقدمہ و تبصرہ اور حواشی کے ساتھ بکمال اہتمام شائع کر رہے ہیں، چنانچہ اب تک وہ مولانا پر متعدد بڑی مفید اور معلومات افزا کتابیں منظر عام پر لا چکے ہیں، زیر تبصرہ کتاب بھی اسی زنجیر طلائی کی ایک کڑی ہے، اس کتاب میں بڑی محنت اور تلاش و جستجو کے بعد فاضل مرتب نے مولانا کے ان ارشادات کو یکجا کر دیا ہے جو آپ نے مختلف حضرات کے دینی، علمی اور ادبی استفسارات کے جوابات میں فرمائے تھے اور ان کو خود آپ نے تحریر کیا تھا یا آپ کی جانب سے محمد اجمل خاں صاحب نے لکھا تھا۔

یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے، ایک دینی اور دوسرا ادبی، حصہ اول میں ایمان و عقائد عبادات قرآن و حدیث اور متعدد مسائل وہ فقہیہ مثلاً نکاح و طلاق اور چند جدید مسائل مثلاً زندگی کا بیمہ سود، پراویڈنٹ فنڈ، رویت ہلال کی خبر بذریعہ ریڈیو یا ٹیلی فون یا ٹیلیگرام وغیرہ اور فوٹو اور اسٹیچو ان مسائل کے علاوہ بعض مسائل تصوف تعلیم و اصلاح اور رسوم مثلاً فاتحہ نذر و نیاز، یوم میلاد النبی اور سلام و قیام فی المیلاد ان سب کے متعلق مولانا نے اظہار خیال فرمایا ہے جو بہت بصیرت افروز اور تشفی بخش ہے۔ دوسرا حصہ جو ادبی ہے

© rasailojaraid.com

اس میں مولانا نے ایک سو نواسی استفسارات کے جوابات دیے ہیں جو مولانا کی وسعت علم اور ذوق ادبی پر دال ہے۔

بہر حال اس میں کوئی شبہ نہیں ہو سکتا کہ اس ایک کتاب کے مطالعے سے مولانا کے مذہبی عقائد و افکار اور ان کی ادبی معلومات اور علمی وسعت نظر کے متعلق جو معلومات حاصل ہوتی ہیں وہ مولانا کے حالات و سوانح پر بڑی بڑی ضخیم کتابوں سے حاصل نہیں ہوتی اور ان جوابات سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ وسعت علم و نظر کے ساتھ ساتھ مولانا کا علم تھا اس لیے بڑے سے بڑے علمی اور پیچیدہ سوال کا جواب وہ برجستہ اور فوراً دے دیا کرتے تھے۔ شروع میں فاضل مرتب کے قلم سے دیباچہ ہے اس مطالعہ سے اندازہ ہوگا کہ انھوں نے اس کتاب کی ترتیب میں کس درجہ مشقت شاقہ برداشت کی ہے اس کے بعد مولانا کے پرائیوٹ سکریٹری محمد اجمل خاں مرحوم کا نوشتہ ایک مقدمہ ہے امید ہے ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔ (س)

نمبر (۱) کتاب حضرت عثمان ذوالنورینؓ جناب پروفیسر مولانا سعید احمد اکبر آبادی کی نئی پیشکش۔ اس کا مطالعہ کر کے اس سے استفادہ فرمادیں:

٤٤٣ صفحات: قیمت مجلد رنگین

42/- روپے

منیجر عبدالرحمٰن عثمانی۔

ندوۃ المصنفین اردو بازار دہلی